# ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ

## کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ

## نیلام عام پٹہ داری حقوق برائے اراضی

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ اپنی درج ذیل اراضی برائے کاشتکاری عرصہ تین (03) سال از Handing /taking over تا 30-06-2029 کے حقوق پٹہ داری مندرجہ ذیل شرائط پر مورخہ 15-07-2026 بوقت 13:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ میں نیلام کر رہا ہے۔

| نمبر شمار | زمین کا رقبہ | سروے نمبر | لاٹ نمبر | متعلقہ علاقہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 25.13 ایکڑ | 403 | 04 | نزد کمانوالہ |

## شرائط:

1- ہر لاٹ کی بولی علیحدہ علیحدہ ہوگی۔

2- بولی شروع ہونے سے قبل ہر لاٹ کے خواہش مند بولی دہندہ کو مزکورہ ہر بولی کے لیے بیعانہ مبلغ -/2,000,000 روپے بشکل بینک کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ فی لاٹ ہمراہ شناختی کارڈ کی کاپی بولی سے قبل جمع کروانا ہوگا۔ نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی۔ جو ماسوائے پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کو واپس کر دیا جائے گا۔

3- کامیاب بولی دہندہ کو بولی کا 1/4 حصہ بطور زر ضمانت بولی کے اختتام پر دفتر جمع کرانا ہوگا۔ 1/4 حصہ جمع نہ کروانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔

4- 1/4 رقم بطور سیکورٹی کنٹونمنٹ کے پاس ہی رہے گی جو مدت معاہدہ کی تکمیل کے بعد حسابات ہونے کے بعد واپس کر دی جائے گی اور ٹھیکہ کی منظوری ہونے کے سات دن کے اندر اندر 1/4 پیشگی جمع کروانا ہوگی اور ٹھیکہ کی بقایا رقم ہر تین مہینے کے بعد پیشگی جمع کراونا ہوگی۔

5- کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

6- زرعی اراضی کی بولی عرصہ ایک (01) سال کے لیے ہوگی۔ جبکہ ٹھیکہ کی معیاد تین (03) کے لیے ہوگی۔

7- کامیاب بولی دہندہ بولی منظور ہونے کے 15 یوم کے اندر مقررہ مالیتی اشٹام پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا جس کا خرچہ بولی دہندہ پر ہوگا۔

8- کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا مجوزہ انکم ٹیکس حکومت پاکستان / ایف بی آر کے قوانین کے تحت جمع کروانا ہوگا۔

9- آبپاشی اور بجلی کا نظام بذمہ پٹہ دار ہوگا۔

10- نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ ساتھ لائیں گے۔

11- کامیاب بولی دہندہ اراضی کا ماسوائے کاشتکاری کسی دوسرے مقصد کیلئے استعمال نہیں کریگا۔

12- کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس لاہور ریجن ثالث ہوگا اور اس کا فیصلہ دونوں پارٹیوں پر من و عن لاگو ہوگا۔

13- کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / بورڈ کو اختیار حاصل ہوگا کہ (بمطابق PPRA رولز 2004) کوئی وجہ بتا کر بولی کو منظور یا مسترد کر دے۔

14- دیگر شرائط ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

15- نیلامی بمطابق PPRA رولز 2004 عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر

سیالکوٹ کینٹ